# **FRESCO PAINTING**
# NAQQASHI


Tomb of Jehangir

United Nations
Educational, Scientific and
Cultural Organization




Leonardo da Vinci The Last Supper

# FRESCO PAINTING
## (NAQQASHI)

Fresco Painting or Naqqashi is an art form which is practiced all over the world. Frescoes are usually done on walls of buildings, or as in ancient times on rocks and caves. Any kind of work done on walls is called a mural.

In the Indian –Subcontinent we find frescoes that date back from the 1st Century BCE to the 6th and 7th C CE. These paintings are from the Buddhist Period in the ancient Ajanta Caves in present day Madhya Pradesh in India. They tell the story of Gautam Buddha and his teachings in pictures. These were painted by Buddhist monks who also illustrated stories from the Jataka Tales. These are Buddhist stories of moral conduct and good behaviour.






Ajanta Cave Paintings

Similar paintings done on rocks and caves are found in Sri Lanka of the same period. The most famous are the rock paintings at Sigiriya.

It is believed that the art of fresco in India was older than the Ajanta Caves, and was practiced before the Gupta Period. The ancient Hindu texts describe beautiful wall paintings in the Mahabharata and the Ramayana. The Ajanta fresco style and technique later spread towards the east and the west, to Afghanistan, Iran and Central Asia and to China and Japan.

In the west and in Europe there are many ancient frescoes found in palaces and temples of the ancient Greeks and Romans. Some of the most famous fresco paintings found in Europe at the time of the Renaissance are 'The Last Supper' by Leonardo Da Vinci painted on the wall of a church in Milan, Italy, and the walls and ceiling of the Sistine Chapel painted by Michelangelo in the Vatican in Rome, Italy.



Michelangelo
Sistine Chapel

Throughout the history of the Indian Sub-continent, frescoes were painted in temples, mosques, palaces and private residences. In the Muslim period in India, especially in the Mughal Period all the art forms, music, painting, literature, dance and architecture were at their height. The Mughals promoted and developed the arts by giving them royal patronage and appreciation and so the arts flourished. Beautiful palaces, mosques and gardens were built and artisans from all over India and even Iran were commissioned to decorate them with frescoes (Naqqashi), tiles and tile mosaic (Kashikari) and marble and stone inlay work called Pietra dura.




Floral and Geometric Designs in the Maryam Zamani Mosque

In Lahore we find many examples of the Mughal period and the later Sikh period of all these art forms. Fresco paintings are found on the walls of many buildings like the Badshahi Masjid, Lahore Fort or Shahi Qila, Wazir Khan Masjid, Maryam Zamani Masjid and the Shalamar Bagh. Frescoes are also found in private residences like Nau Nihal Singh Haveli. These paintings are of fruits and flowers, trees and plants, bowls and birds and geometric patterns that are so complex that they become an object of study by themselves. The fresco paintings in the Shalamar Bagh can be seen in the Shahi Hammam, the northern wall and the gateway. These were mainly of the Mughal period and some later additions of the Sikh period.

This wonderful art form is in danger of dying out. Something that developed over three thousand years may be lost if we do not learn this art and pass it on to our future generations.




Sikh Period Frescoes in Sheikhupura Fort

## The Technique

Fresco Painting is mostly done to decorate walls of buildings. This ancient technique can last for hundreds of years. We can still see the frescoes of Ajanta and Sigiriya today. And the better preserved frescoes of the Mughals and the Sikhs in Lahore and other parts of India can be seen in all their brilliance.

The technique of fresco, is unique because it is painted on wet plaster. This makes the paint part of the plaster and so the frescoes can survive for a long time.
The paint for frescoes is made from natural materials like earth, stones, plants etc. This is also a special skill as these materials are processed in different ways to make the pigment. Each material is dried, crushed and then ground down to a fine powder which makes the pigment.

First the drawings have to be made on paper. These can be of many different kinds. Some can be of floral and plant motifs, some geometric patterns, and some can be animal, bird and human.
When the drawing is complete, it is traced on butter paper. Then pin holes are made with a needle on the outlines of the drawing. The drawing is then transferred to the wall or surface by dusting fine coal powder through the pin holes. This is called Suzen Kari.

The plaster on the wall is made from lime. The surface of the lime plaster is made perfect and smooth. After the drawing is transferred to the surface the painting can begin.
But the most important thing is that all this needs to be done while the plaster is still wet. So you only prepare that much of the surface which can be finished at the time.

The technique of fresco in the Ajanta caves is very similar. The only difference is that as these murals were done on the rock walls of caves they had to prepare the rock surface which was rough. First the rock wall was covered with earth or cow-dung mixed with chopped straw or animal hair to bind it to the wall. This was then made smooth and then a thin layer of fine lime plaster was applied on top. After the painting was complete it was burnished or polished to make it smooth and shiny.

This method was used all over India with very little change. This is called fresco buono or true fresco. Often paintings were done on dry plaster. This is called fresco secco or dry fresco. Fresco buono or painting on wet plaster was the method used in Europe, and fresco secco mostly used in India.




Bird forms, fruits bowls and flower vases in Surjan Singh Haveli




گلِ سوسن

ان میں رنگ بھریں




شمسہ

ان میں رنگ بھریں

# تکنیک

نقاشی عموماً عمارتوں کی دیواروں کی آرائش کے لیے کی جاتی ہے۔اس قدیم تکنیک سے بننے والی تصویروں کو سینکڑوں برس تک زوال نہیں آتا۔ہم آج بھی اجنتا اور سگریہ کے نقاشی کے نمونے دیکھ سکتے ہیں۔لاہور اور ہندوستان کے دوسرے حصوں میں مغل اور سکھ زمانے کی نقاشی کے وہ نمونے جن کی دیکھ بھال کی گئی، ان کی آب و تاب ہمیں آج بھی نظر آتی ہے۔

نقاشی کی تکنیک انوکھی ہے کیونکہ یہ گیلے پلاسٹر پر کی جاتی ہے۔اس کے نتیجے میں رنگ پلاسٹر کا حصہ بن جاتے ہیں یہی وجہ ہے نقاشی کے وہ نمونے بہت بعد کے زمانوں تک بھی سلامت رہتے ہیں۔

نقاشی میں جو پینٹ استعمال ہوتا ہے وہ فطری اشیاء سے یعنی مٹی، پتھر اور پودوں سے تیار ہوتا ہے۔اس کو تیار کرنے کے لیے خصوصی مہارت کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ یہ تمام اشیاء مختلف عمل سے گزاری جاتی ہیں تاکہ رنگ (پگمنٹ) تیار ہو سکے۔ہر چیز خشک کی جاتی ہے، پھر اسے کوٹا، پیسا اور چھانا جاتا ہے یہاں تک کہ بالکل باریک سفوف تیار ہو جاتا ہے جس سے رنگ (پگمنٹ) تیار ہوتا ہے۔

سب سے پہلے کاغذ پر خاکے بنائے جاتے ہیں یہ خاکے مختلف نوعیت کے ہو سکتے ہیں۔کچھ پھول اور پودوں کے موٹف ہو سکتے ہیں۔کچھ جیومیٹرک نمونے اور کسی جانور یا انسان کی شبیہ بھی ہو سکتی ہے۔


خاکہ جب مکمل ہو جاتا ہے تو اسے بٹر پیپر/ مومی کاغذ پر نقل کر لیا جاتا ہے اور پھر اس خاکے کی لکیروں کو سوئی سے چھید دیا جاتا ہے اس کے بعد خاکے کو دیوار پر رکھ کر اس پر کوئلے کا باریک سفوف پھیرا جاتا ہے۔تاکہ سوئی سے ہونے والے سوراخوں سے یہ سفوف گزر کر ڈیزائن دیوار کی سطح پر منتقل کر دے۔اس عمل کو سوزن کاری کہتے ہیں۔

دیوار پر چونے سے پلاسٹر کیا جاتا ہے اور چونے کے اس پلاسٹر کو گھس کر سطح کو ہموار کر دیا جاتا ہے۔ڈرائنگ جب اس ہموار پلاسٹر پر منتقل ہو جاتی ہے۔تب مصوری کا کام شروع ہوتا ہے لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہ تمام کام اس وقت تک مکمل ہونا چاہیے جب کہ پلاسٹر ابھی نم ہو۔اسی لیے آپ کو صرف اتنی ہی سطح کو تیار کرنا چاہیے جتنی کہ ایک وقت میں مکمل کی جا سکتی ہو۔اجنتا کی غاروں میں بھی نقاشی کے لیے یہی تکنیک استعمال ہوئی ہے۔فرق صرف یہ ہے کہ یہ نقاشی چٹانوں کی دیواروں پر ہوئی ہے جو کہ کھردری تھیں۔اس لیے پہلے مٹی، گوبر، باریک کتری ہوئی سوکھی گھاس اور جانوروں کے بالوں کے آمیزے سے ان کھردری چٹانی دیواروں کو اس طرح لیپا جاتا تھا کہ لیپ ان دیواروں پر جم جائے۔اس کے بعد اس کی گھسائی کی جاتی تھی۔یہاں تک کہ وہ بالکل ہموار ہو جائے۔اس کے بعد اس پر چونے کا ہلکا لیپ کیا جاتا تھا۔تصویر کشی کا عمل مکمل ہو جاتا تو اس کی گھسائی کی جاتی تاکہ وہ بالکل چکنی ہو جائے اور چمک اٹھے۔

تمام ہندوستان میں معمولی سے فرق کے ساتھ یہی طریقہ اختیار کیا جاتا تھا، اسے Fresco Buono یا اصلی نقاشی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔کبھی کبھی خشک پلاسٹر پر بھی تصویر کشی کی جاتی تھی جسے Fresco Secco یا خشک نقاشی کا نام دیا گیا تھا۔Fresco Buono یا گیلی سطح پر مصوری کا طریقہ یورپ میں استعمال ہوتا تھا، جبکہ ہندوستان میں عموماً Fresco Secco بنائے جاتے تھے۔

برصغیر ہندوستان میں مندروں، مسجدوں، محلوں اور ذاتی گھروں میں نقاشی کے نمونے بنائے گئے ۔ ہندوستانی تاریخ کے مسلم دور بہ طور خاص مغلوں کے زمانے میں فنون لطیفہ کے تمام شعبے، یعنی موسیقی، مصوری، ادب، رقص اور تعمیرات کا فن اپنے عروج پر پہنچا۔ مغلوں کی شاہی سرپرستی اور قدر افزائی کے سبب ان فنون کو بڑھاوا ملا اور یہ پھلے پھولے۔ خوبصورت محل اور مساجد تعمیر ہوئیں۔ شاندار باغات لگائے گئے، ہندوستان کے طول وعرض اور ایران سے بھی ہنرمند بلوائے گئے اور انہیں ان تمام عمارتوں اور باغات کی نقاشی، کاشی کاری اور ٹائل موزیک کے علاوہ سنگ مرمر اور پتھر میں کندہ کاری کے کام پر مامور کیا گیا۔ جسے ہم Pietra Dura کے نام سے جانتے ہیں۔





مریم زمانی مسجد

مغل دور اور بعد کے سکھ دور میں فنون لطیفہ کے ان مظاہر کے متعدد نمونے ہمیں لاہور میں ملتے ہیں۔ نقاشی کے نمونے ہمیں بہت سی عمارتوں پر نظر آتے ہیں۔ بادشاہی مسجد، شاہی قلعہ، وزیر خان مسجد، مریم زمانی مسجد اور شالامار باغ اس کی خوبصورت مثال ہیں۔ نقاشی کے بعض نمونے ہمیں امیروں کے گھروں میں بھی نظر آتے ہیں جس کی ایک مثال نونہال سنگھ کی حویلی ہے۔ پھلوں، پھولوں، پیڑوں، پودوں، پیالوں اور چڑیوں کی نقاشی کے علاوہ ہمیں جیومیٹرک ڈیزائن ملتے ہیں جو اتنے پیچیدہ اور گتھے ہوئے ہیں کہ وہ خود کو سمجھنے اور اپنی کھوج لگانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ شالامار باغ میں نقاشی کے نمونے شاہی حمام میں دیکھے جاسکتے ہیں اس کے علاوہ ہمیں وہ شمالی دیوار اور دروازے پر بھی نظر آتے ہیں۔ یہ بنیادی طور پر مغل دور سے تعلق رکھتے ہیں جن میں کچھ اضافے سکھ دور میں ہوئے۔ فن کے اس شاندار اظہار کے مٹ جانے کا خطرہ پیدا ہو چکا ہے۔ ایک ایسا فن جو تین ہزار برس سے زیادہ کی مدت میں پروان چڑھا تھا۔ اگر آج ہم اسے نہیں سیکھیں گے اور اپنی آنے والی نسلوں کو منتقل نہیں کریں گے تو وہ وقت کے دھندلکوں میں گم ہو جائے گا۔




شیخوپورہ میں سکھ دور کی نقاشی



شاہی قلعہ لاہور

# نقاشی

## فریسکو پینٹنگ

نقاشی جسے ہم فریسکو پینٹنگ کے نام سے جانتے ہیں، فن کا ایک ایسا ذریعہ اظہار ہے جو تمام دنیا میں برتا جاتا رہا ہے۔ نقاشی عموماً عمارتوں کی دیواروں پر کی جاتی ہے یا قدیم زمانوں میں یہ چٹانوں اور غاروں کی دیواروں پر کی جاتی تھی۔ دیوار پر کیا جانے والے فن کا کوئی بھی نمونہ میورل کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔






اجنتا کے غاروں میں نقاشی

برصغیر ہندوستان میں پہلی صدی قبل مسیح سے چھٹی اور ساتویں صدی بعد مسیح تک ہمیں نقاشی کے نمونے ملتے ہیں۔ ان کا تعلق بودھ زمانے سے ہے اور یہ اجنتا کے قدیم غاروں سے آج مدھیا پردیش' ہندوستان میں بھی نظر آتے ہیں۔ نقاشی کے یہ نمونے گوتم بدھ اور ان کی تعلیمات کی تصویری کہانیاں ہیں۔ انہیں بودھ بھکشوؤں نے بنایا اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے جاتک کہانیاں بھی مصور کیں۔ یہ اخلاقی رویوں اور اچھے طرز عمل پر مبنی بودھ کہانیاں ہیں۔

اسی دور میں ہمیں سری لنکا کی چٹانوں اور غاروں میں بھی مصوری کے ایسے نمونے ملتے ہیں۔ ان میں سے مشہور سگریہ کی چٹانوں پر بنے ہوئے نقاشی کے نمونے ہیں۔

خیال یہ کیا جاتا ہے کہ ہندوستان میں نقاشی کی تاریخ اجنتا کے غاروں سے کہیں پرانی ہے اور گُپتا دور میں بھی یہ تصویریں بنائی جاتی تھیں۔ مہابھارت اور رامائن کی قدیم ہندو مذہبی کتابوں میں بھی دل کش دیواری نقاشی کے نمونوں کا ذکر ملتا ہے۔ اجنتا کی نقاشی کا اسٹائل اور تکنیک بعد کے زمانے میں مشرق اور مغرب میں' افغانستان' ایران' وسطی ایشیا' چین اور جاپان تک پھیلی۔ مغرب اور یورپ میں نقاشی کے بہت سے قدیم نمونے یونانیوں اور رومیوں کے محلوں اور مندروں میں ملتے ہیں۔



مائیکل اینجلو
سیستین چیپل

یورپ میں نقاشی کے بعض مشہور ترین نمونوں کا تعلق ری نیساں / نشاۃ ثانیہ کے دور سے ہے۔ ان میں اٹلی کے شہر میلان میں ایک چرچ کی دیوار پر لیونارڈو ڈاونچی نے ''دی لاسٹ سپر'' بنائی اور روم میں وٹیکن کے سیستین چیپل کی چھت اور دیواروں پر مائیکل اینجلو کی نقاشی کو بہت شہرت حاصل ہوئی۔

# نقاشی

## فریسکو پینٹنگ



Maryam Zamani Masjid

Text: Lala Rukh
Urdu translation: Zaheda Hina
Drawings: Ustad Saif ur Rehman
Photographs contributed by: Sajida Vandal
Cover photographs: Lala Rukh

Experts are responsible for the choice and the presentation of the facts
contained in this publication and for the opinions expressed therein,
which are not necessarily those of UNESCO and do not commit the organization.